خشک درختوں کا نیلام عام

پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے زیرِ انتظام لائیوسٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن خضر آباد، ضلع سرگودھا میں موجود کل خشک 325 درختوں کی نیلامی کی جائے گی۔ درختوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ خضر آباد فارم پر درختوں کا معائنہ کیا جا سکتا ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے۔ **کیکر:** 245 عدد، **ٹالی:** 79 عدد، **توت:** 1 عدد

یہ نیلامی 03 دسمبر 2026ء کو دن 11:00 بجے پی ایل ڈی ڈی بی، آفس ایڈریس: 18 کلومیٹر ملتان روڈ، شاہ پور کانجراں لاہور پر منعقد ہو گی۔ اگر پہلی نیلامی میں درخت فروخت نہ ہو سکے یا مناسب قیمت موصول نہ ہو تو دوسری نیلامی 07 دسمبر 2026ء اور تیسری نیلامی 10 دسمبر 2026ء کو دن 11:00 بجے اسی مقام پر منعقد ہو گی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد مقررہ شرائط و ضوابط کے مطابق بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط و ضوابط

1. بولی دینے والے کو بولی میں حصہ لینے سے قبل 10 لاکھ روپے زرِ ضمانت (قابلِ واپسی) جمع کروانا ہو گا۔

2. تمام درخت ”جہاں ہیں، جیسے ہیں“ کی بنیاد پر نیلام کیے جائیں گے۔

3. بولی سے قبل تمام درختوں کا فارم پر معائنہ کیا جا سکتا ہے، بعد از بولی ادارہ کسی قسم کا اعتراض قبول نہیں کرے گا۔

4. کسی قسم کا ٹیکس، سیلز ٹیکس یا دیگر حکومتی محصولات حسبِ رائج قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے جو کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

5. کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی قیمت کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا۔

6. کامیاب بولی دہندہ کو 15 دن کے اندر باقی رقم جمع کروانا لازمی ہو گی۔

7۔ بولی کے دوران تمام معاملات میں کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا، جسے تمام بولی دہندگان تسلیم کرنے کے پابند ہوں گے۔

8۔ کسی بھی متنازع معاملے کی صورت میں پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا، اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات میں درج ذیل نمبر زپر رابطہ کریں۔

سینئر منیجر آپریشنز: 0327-8888082، سینئر منیجر فارم: 0334-7970599

منیجر ایڈمن: 0313-8668486

پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ بورڈ